اداریہ

علم و آگہی کے میدان میں تحقیق، جستجو، بہتر سے بہتر کی تلاش اور خوب سے خوب تر کی کھوج کا جذبہ ہی وہ اہم عامل اور عنصر ہے جس کے ذریعے انسان عروج و کمال اور ترقی کی تابناک شاہراہ پر گامزن رہ سکتا ہے۔ اس میدان میں فکری وسعت اور ذہنی بالیدگی جہد مسلسل اور عمل پیہم کے ذریعے ہی ممکن بنائی جاسکتی ہے۔ مستقل کوشش اور جہد کے بغیر اس میدان میں منزل مقصود تک رسائی تقریباً ناممکنات میں سے ہے۔ اور یہ بھی ایک واقعہ اور حقیقت ہے کہ انسان کو اس کی کوشش کے بقدر مراتب واعزازات سے نوازا جاتا ہے، قدرت نے اس قانون میں لچک کی کوئی گنجائش باقی نہیں رکھی، بلکہ ہر رنگ و نسل، قوم و قبیلے اور ہر زبان سے تعلق رکھنے والوں کو ایک ہی صف میں لا کھڑا کر دیا ہے۔

ہر صاحب فہم و بصیرت اور علم و حکمت رکھنے والے کسی بھی فرد کی، جس نے کسی بھی شعبے میں اپنی توانائی صرف کر کے اس میں کمال اور مہارت پیدا کیا ہو، یہ فطری خواہش اور تمنا ہوتی ہے کہ اس کی صلاحیتوں، لیاقتوں اور کوششوں سے فائدہ اٹھایا جائے۔ کسی بھی فن میں مہارت رکھنے والے شخص کو اس کی کوشش کا ثمرہ اور قیمت اس وقت ملتی محسوس ہوتی ہے جب اس کو اس کی کوشش سے دوسروں کو فائدہ پہنچتے ہوئے نظر آئے اور اسی کا لازمی تقاضا یہ ہے کہ اسے اس کیلئے ایک مستند اور معتمد اسٹیج میسر ہو، جس کے ذریعے وہ اپنی کاوشوں کو منظر عام پر لا سکے۔

چنانچہ اسی دعوتِ فکر و عمل اور خوابیدہ صلاحیتوں کو اجاگر کر کے ان کو جلا بخشنے کیلئے زیر نظر تحقیقی مجلہ "راحۃ القلوب" کی بنیاد رکھی گئی تھی۔ یہ تحقیقی مجلہ بلوچستان میں جہاں ایم فل اور پی ایچ ڈی سکالرز کے تحقیقی مقالات کی اشاعت کا مؤثر ذریعہ ہے وہاں اس میدان میں اس کو اوّلیت اور سبقت کا اعزاز بھی حاصل ہے۔ اس سے قبل بلوچستان میں اس طرز کا کوئی تحقیقی مجلہ ناپید تھا۔ زیر نظر تحقیقی مجلہ نے بڑی حد تک فقدان کے خلاء کو پر کر دیا ہے۔ قارئین کیلئے یہ امر بھی خوشگوار حیرت کا باعث ہوگا کہ آپ کے ہاتھوں میں پانچواں شمارہ ہے، لیکن جس سرعت اور تیزی کے ساتھ اس نے خواص و عوام کے حلقہ میں مقبولیت اور پزیرائی پائی ہے وہ ایڈیٹوریل وایڈوائزری بورڈ کے اراکین کے مسلسل و مثبت رہنمائی، مجلہ کے معیار تحقیق، اس میں شائع ہونے والے مقالہ جات کا تحقیق کے اعلیٰ معیار پر پورا اترنے، دور حاضر کے تقاضوں کو پورا کرنے اور موجودہ مسائل و ضروریات کے مطابق بحث کرنے پر دلالت کر رہی ہے۔

حتی الوسع کوشش رہی ہے کہ مجلہ میں شائع ہونے والے مقالات ہر طرح سے ضروریات کا احاطہ کئے ہوئے ہوں اور ہر قسم کے غیر مفید ابحاث سے خالی ہو۔ لہذا ان معیارات کو جانچنے کیلئے مستقل ریویو بورڈ موجود ہے۔ مقالات کو اشاعت سے قبل متعلقہ فن کے ماہرین کے پاس جائزے اور منظوری کیلئے بھیجے جاتے ہیں۔ مقالے کے اشاعت کا انحصار سراسر جائزہ لینے، معیار، اصلیت، تعلیمی مطابقت اور تخلیقی بنیاد پر ہوتا ہے۔ لہذا تمام محققین، ہائیر ایجوکیشن کمیشن پاکستان کے مطلوبہ قوانین کو مد نظر رکھتے ہوئے اپنے مقالہ جات ارسال کیا کریں تاکہ مجلہ کے مجلس انتظامی کے لئے دشواری بھی نہ ہو اور مقالہ بھی مطلوبہ مراحل سے بہ آسانی گزر کر شائع ہو سکے۔

ڈاکٹر سید باچا آغا

مدیر ششماہی تحقیقی مجلہ "راحۃ القلوب" کوئٹہ